**2025-08-10**

**Hrs 08.30**

**HL-Opening**

**آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ**

**(Music)**

**آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین**

**پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں**

**-----------------------------------------------------------**

**1- وزیر اعظم نریندر مودی آج کرناٹک میں بنگلورو سے تین وندے بھارت ایکسپریس ٹرینوں کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔**

**2- وزیر اعظم بنگلور میٹرو کی Yellow لائن کا بھی افتتاح کریں گے اور بنگلور میٹرو کے تیسرے مرحلے کا سنگِ بنیاد رکھیں گے۔**

**3- چناؤ کمیشن نے ضروری شرائط کو پورا کرنے میں ناکامی کے بعد 334 رجسٹرڈ غیر تسلیم شدہ سیاسی پارٹیوں کو خارج کر دیا ہے۔**

**4- بھارت نے 15 اگست کو Alaska میں امریکہ اور روس کے درمیان منعقد ہونے والی مجوزہ سربراہ کانفرنس کا خیر مقدم کیا ہے۔ اُس نے کہا ہے کہ اس سے یوکرین میں قیامِ امن کی راہ ہموار ہوگی۔**

**5- بنگلہ دیش کے انتخابی کمیشن کے سربراہ نے کہا ہے کہ بنگلہ دیش میں فروری 2026 میں عام انتخابات کرائے جائیں گے۔**

**6- اور جرمنی کے گرینڈ ماسٹر Vincent Keymer چنئی شطرنج ٹورنامنٹ کے تیسرے راؤنڈ کے بعد پہلے مقام پر ہیں۔ بھارت کے ارجن Erigaisi دوسرے مقام پر ہیں۔**

**(Music)**

**اب خبریں تفصیل سے۔**

**PM Karnataka**

**وزیراعظم نریندر مودی آج دن بھر کے دورے پر کرناٹک میں ہوں گے۔ دورے کے دوران، جناب مودی بنگلورو میں KSR ریلوے اسٹیشن سے تین وندے بھارت ایکسپریس ریل گاڑیوں کو جھنڈی دکھاکر روانہ کریں گے۔ ان میں بنگلورو سے بیلگاوی، امرتسر سے سری ماتا ویشنو دیوی، کٹرا اور ناگپور (اجنی) سے پونے جانے والی گاڑیاں شامل ہیں۔**

اس کے بعد وزیراعظم بنگلورو میٹرو کی Yellow لائن کو جھنڈی دکھاکر روانہ کریں گے اور RV روڈ، Ragigudda سے الیکٹرونک سٹی میٹرو اسٹیشن تک Yellow لائن کا سفر کریں گے۔ جناب مودی بنگلورو میں شہری کنکٹوٹی پراجکٹوں کا افتتاح کریں گے اور سنگِ بنیاد رکھیں گے۔

جناب مودی 15 ہزار 610 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے بنگلورو میٹرو فیز3-  پراجیکٹ کا سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ یہ راستہ 44 کلومیٹر سے زیادہ طویل ہوگا اور اس میں 31 Elevated اسٹیشن ہوں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

## V/C Sudhindra

آج وزیراعظم نریندر مودی کے ذریعے ملک کو وقف کی جانے والی وندے بھارت سروس شمالی کرناٹک میں بیلگاوی جانے والے مسافروں کو آرام دہ سفر کا متبادل فراہم کرے گی۔ بیلگاوی کے لیے وندے بھارت سروس کا ریلوے مسافروں کو بے چینی سے انتظار تھا۔ ریل خدمت سے دونوں شہروں کے درمیان سفر کے وقت میں کٹوتی ہوگی۔

دیگر اہم پراجکٹ کا تعلق میٹرو Yellow لائن سے ہے جو الیکٹرونک سٹی تک کنکٹوٹی فراہم کرے گی، جہاں سرکردہ آئی ٹی، بی ٹی کمپنیوں کے ہیڈ کوارٹر قائم ہیں۔ یہ لائن تمل ناڈو جانے والی Hosur سڑک پر ٹریفک میں سہولت پیدا کرے گی۔

Namma میٹرو نیٹ ورک کے فیز تین کے ایک بار کام کاج شروع کرنے سے بنگلورو کے 220 کلومیٹر مشتمل مجموعی میٹرو نیٹ ورک پر آمدروفت کو بہتر بنائے گی۔

بنگلورو سے سدھیندر کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں..........

## EC Rupp

انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ اس نے 334 رجسٹرڈ غیر تسلیم شدہ سیاسی پارٹیوں RUPPs کو فہرست سے ہٹا دیا ہے۔ یہ پارٹیاں 2019 سے چھ سال تک ایک بھی الیکشن لڑنے کی ایک بھی لازمی شرط کو پورا کرنے میں ناکام رہی ہیں۔ ان پارٹیوں کے دفاتر بھی فزیکل طور پر کہیں موجود نہیں ہیں۔ یہ 334 رجسٹرڈ غیر تسلیم شدہ سیاسی پارٹیاں ملک کی مختلف ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں سے تعلق رکھتی ہیں۔ قومی سیاسی پارٹیاں، ریاستی سیاسی پارٹیاں اور ملک میں رجسٹرڈ غیر تسلیم شدہ سیاسی پارٹیاں، عوامی نمائندگی ایکٹ کی دفعات کے تحت چناؤ کمیشن کے ساتھ رجسٹرڈ ہیں۔×

## Rev.ED Vaadra

منی لانڈرنگ کے معاملے میں ایک خصوصی عدالت نے انفورسمینٹ ڈایریکٹوریٹ کو مطلع کیا ہے کہ کانگریس ایم پی پرینکا گاندھی واڈرا کے شوہر اور کاروباری رابرٹ واڈرا نے گروگرام میں آراضی سودے گھپلے میں غیر قانونی طور پر 58 کروڑ روپے وصول کیے گئے تھے۔

ED نے واڈرا اور دیگر کے خلاف اپنی فردِ جرم میں کہا ہے کہ ان میں 53 کروڑ روپے Sky light Hospitality کے ذریعے جبکہ 5 کروڑ روپے Blue Breeze ٹریڈنگ کے ذریعے منتقل کیے گئے۔

دلی میں خصوصی PMLA عدالت نے ED کی شکایت پر معاملے کی سماعت کی تاریخ 28 اگست طے کی ہے اور رابرٹ واڈرا کو نوٹس جاری کیا ہے۔

فیڈرل ایجنسی نے اپنی استغاثہ شکایت میں کہا کہ مذکورہ رقم واڈرا نے غیر منقولہ جائیداد خریدنے، سرمایہ کاری کرنے، پیشگی قرض لینے اور اپنی متعلق گروپ کمپنیوں کی جوابدہی کے معاملات کو نمٹانے کے لیے استعمال کی تھی۔

## Sikkim Ghar Ghar Tringa

سکّم ریاستی حکومت نے، ہر گھر ترنگا مہم کو پورے جوش و خروش کے ساتھ منانے کے لیے وسیع اقدامات کیے ہیں۔ ثقافت کے محکمے نے، جو ریاست میں پروگرام کو نافذ کرنے والی نوڈل ایجنسی بھی ہے، بتایا ہے کہ ایک لاکھ قومی پرچم شہریوں میں تقسیم کیے جائیں گے۔ ثقافت کا محکمہ ضلعوں کی انتظامیہ کو ترنگا سونپے گا، تاکہ اسے شہریوں کے درمیان تقسیم کیا جا سکے۔ وزیر اعلیٰ اور گورنر کی موجودگی میں 12 اگست کو گینگٹوک کے MG مارگ پر ترنگا ریلی منعقد ہوگی۔ دیگر ضلعوں میں بھی ترنگا ریلیوں اور ثقافتی پروگراموں کا اہتمام کیا جائے گا۔×

## Uttarakhand Rescue Operations

اتراکھنڈ کے اترکاشی ضلعے کے ہرسل اور دھرالی خطّے میں حالیہ قدرتی آفت کے بعد بڑے پیمانے پر راحت اور بچاؤ کی کارروائی جاری ہے۔ اتراکھنڈ کے چیف سکریٹری آنند بردھن نے تمام ایجنسیوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ باہمی تال میل سے کام کریں اور متاثرہ علاقوں کو سیکٹروں میں تقسیم کر دیں، تاکہ زیادہ تیزی کے ساتھ اور مؤثر انداز میں راحت اور بچاؤ کی کوششوں کو یقینی بنایا جا سکے۔ 5 اگست کو بادل پھٹنے کے تباہ کُن واقعے کے بعد سے ایک ہزار ایک سو زیادہ لوگوں کو بچایا گیا ہے۔ اِن میں کل ہرسل اور نیلانگ سے 480 لوگوں کو بچایا گیا اور اُنہیں محفوظ مقامات Jolly Grant, Matli اور Chinyalisaur میں پہنچایا گیا۔

اتراکھنڈ کی شہری ہوابازی ترقیاتی اتھارٹی UCADA اور بھارتی فوج کے ہیلی کاپٹرس نے راحت اور بچاؤ کی کوششوں میں تعاون کرنے کے لیے کُل 257 پروازوں کا اہتمام کیا۔ اس دوران ہرسل وادی میں بجلی کی سپلائی بحال کر دی گئی ہے۔×

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**India US Russia**

بھارت نے اس ماہ کی 15 تاریخ کو **Alaska** میں میٹنگ کے لیے امریکہ اور روس کے درمیان ہونے والی مفاہمت کا خیر مقدم کیا ہے۔

وزارتِ خارجہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اس میٹنگ سے یوکرین میں جاری تنازعے کو ختم کرنے اور قیام امن کے لیے نئے امکانات کی راہ ہموار ہوگی۔

بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ جیسا کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے کئی مواقع پر کہا ہے کہ یہ دور جنگ کا نہیں ہے۔ اس کے علاوہ بھارت اس چوٹی میٹنگ کی حمایت کرتا ہے اور ان کوششوں میں تعاون کے لیے تیار ہے۔×

**Putin Lula**

**Brasilia** میں صدارتی محل سے جاری ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ برازیل کے صدر **Luiz Inacio Lula da Silva** نے روس کے صدر ولادیمیر پتن کے ساتھ تقریباً 40 منٹ تک بات چیت کی۔

اس میں مزید کہا گیا ہے کہ ولادیمیر پتن نے اُنہیں امریکہ کے ساتھ مذاکرات اور یوکرین میں جاری جنگ اور قیام امن کی حالیہ کوششوں کے بارے میں بتایا۔

دونوں لیڈروں نے **BRICS** بلاک میں اُبھرتی ہوئی معیشتوں کے بارے میں بھی تبادلۂ خیال کیا اور موجودہ عالمی سیاسی اور معاشی صورتحال کا جائزہ لیا۔×

**Bangladesh Election**

بنگلہ دیش کے اعلیٰ انتخابی کمشنر اے-ایم-ایم ناصر الدین نے کہا ہے کہ آئندہ 13 ویں **Jatiya Sangsad** یعنی قومی پارلیمنٹ کے انتخابات اگلے سال فروری کے پہلے حصے میں کرائے جائیں گے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**V/C - Navalsang Parmar**

چناؤ کمیشن نے ملک بھر میں عام انتخابات کی تیاریاں تیز کر دی ہیں۔ اعلیٰ چناؤ کمشنر نے کہا ہے کہ قومی انتخابات سے دو ماہ قبل دسمبر کے اوائل میں چناؤ کی تاریخوں کا اعلان کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتخابی کمیشن، پُر امن انتخابات کے انعقاد کو یقینی بنانے کے لیے ڈویژنل اور مقامی انتخابی عہدیداروں کے ساتھ سرگرم طور پر رابطہ کر رہا ہے۔ ناصر الدین نے اعتراف کیا کہ انتخابی عمل پر عوام کا اعتماد ختم ہو گیا ہے اور یہ بھی تسلیم کیا کہ پولنگ کے عمل میں بڑی تعداد میں رائے دہندگان کی حوصلہ افزا شرکت انتخابی کمیشن کے سامنے ایک اہم

چیلنج ہے۔ اعلیٰ چناوٴ کمشنر نے کہا کہ پولنگ نظام پر لوگوں کا اعتماد بحال کرنا اور اُنہیں پولنگ مراکز تک لانا بڑا کام ہے۔

انہوں نے کہا کہ انتخابی کمیشن آزادانہ، منصفانہ، شفاف اور سبھی کے لیے قابلِ قبول انتخابات کے انعقاد کے لیے ہر ممکن کوشش کرے گا۔

ڈھاکہ سے نوَل سنگ پرمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ...........

انتخابی کمیشن نے ایک پریس ریلیز جاری کرتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ ووٹر فہرست کا مسودہ آج شائع کیا جائے گا۔ ضروری تصحیح کے بعد، ووٹر فہرست کا حتمی مسودہ اس ماہ کی 31 تاریخ کو جاری کیا جائے گا۔×

**Guj.World Lion Day**

آج دنیا بھر میں ببّر شیر کا عالمی دن منایا جا رہا ہے۔ گجرات ایشیائی ببّر شیر کے تحفظ میں اہم سنگِ میل طے کر رہا ہے۔ پوربندر کے نزدیک بردا وائلڈ لائف سینکچری ماحولیات کی بحالی اور کمیونٹی پر مبنی ترقی کی علامت کے طور پر ابھرا ہے۔ 2025 گجرات کے ببّر شیروں کی آبادی کے شمار میں ریاست میں 891 ببر شیر موجود ہیں، جو ایک ریکارڈ ہے۔ نیز بردا گیر علاوہ ببر شیروں کا اہم قدرتی مسکن بن گیا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**V/C Aparna**

ایک زمانے میں ببر شیروں کا دوسرا قدرتی مسکن کہی جانے والی بردا وائلڈ لائف سینکچری اب 17 ببر شیروں اور 25 تیندوؤں کا مسکن ہے۔ جس سے ماحولیات کی بحالی اور سائنسی بندوبست پر مبنی برسوں پر مشتمل کوشش کی عکاسی ہوتی ہے۔

محکمہٴ جنگلات کے ذریعے ریڈیو کالر اور ٹریکنگ ٹیکنالوجی کے استعمال سے ببر شیروں کے تحفظ کو مزید موثر بنایا ہے۔ اس کے کمیونٹی شراکت داری خاص طور پر مقامی دیہی برادری Maldhari نے ببر شیروں کے تحفظ کو حقیقی معنی میں شمولیت پر مبنی اور شہریوں پر مرکوز بنانے میں اہم رول ادا کیا ہے۔ سیاحوں کے لیے سہولیات جیسے پارکنگ، لاؤنج اور صفائی ستھرائی کے موثر انتظامات سے سہولت اور رسائی میں اضافہ ہونے کے ساتھ ساتھ خطے میں ماحولیات کے لیے سازگار سیاحت کو بھی فروغ حاصل ہوا ہے۔

اس وقت گجرات میں 891 ببر شیر ہیں جن میں سے آدھے سے زیادہ تعداد Gir کے باہر پراجکٹ Lion کے مسکن ہیں، توسیع سے پائیدار وائلڈ لائف بندوبست میں ایک نیا معیار قائم ہوا ہے۔ آج یہ سینکچری بھارت کے متوازن ترقی کے نظریے ”وکاس بھی، وراثت بھی، کی مثال پیش کرتی ہے۔

احمد آباد سے اپرنا کھنٹ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں..........

**IMD Weather**

بھارتی محکمہئ موسمیات IMD نے اگلے سات دن کے دوران اتراکھنڈ اور ہماچل پردیش میں شدید سے بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمہئ موسمیات نے آئندہ چھ سے سات دن کے دوران مغربی بنگال کے ذیلی ہمالیائی خطّے، آسام، سکّم، بہار، میگھالیہ اور اروناچل پردیش میں بھی اسی طرح کے حالات رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمہئ موسمیات کے مطابق ساحلی آندھرا پردیش، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی، ناگالینڈ، منی پور، میزورم، تریپورہ، پنجاب، تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائیکل، تلنگانہ، اُترپردیش اور مغربی مدھیہ پردیش میں آج شدید بارش کا امکان ہے۔×

## Telengana Rain

حیدرآباد کے متعدد علاقوں میں کل دیر رات شدید بارش ہوئی۔ ونستھالی پورم اور حیات نگر سمیت متعدد علاقوں میں صرف 2 گھنٹے کے دوران 100 ملی میٹر سے زیادہ بارش ریکارڈ کی گئی ہے۔ نام پلّی سمیت پرانے شہر کے کئی علاقوں میں آج صبح تک 140 اعشاریہ 8 ملی میٹر ریکارڈ بارش ہوئی۔ یہ اس مہینے میں تیسری بار ہے، جب حیدرآباد میں 100 ملی میٹر سے زیادہ بارش ہوئی ہے۔ متعدد علاقوں میں پانی بھر گیا ہے۔ نشیبی علاقوں میں بارش کی وجہ سے کافی پانی جمع ہو گیا ہے۔ اس دوران موسمیات کے محکمے کے عہدیداروں نے تلنگانہ کے متعدد علاقوں میں اگلے چند روز کے دوران شدید بارش کی وارننگ دی ہے۔×

## Chennai Open Chess

Quantbox Chennai Grand Masters Tournament میں تین راؤنڈ کے مقابلے کے بعد شطرنج میں بھارت کے عالمی نمبر پانچ Grandmaster ارجن Erigaisi نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے امریکہ کے G M Ray Robson کو شکست دے دی۔ اس طرح وہ جرمنی کے Vincent Keymer کے بعد دوسرے مقام پر ہیں۔ ماسٹرس زمرے کے Round-Robin مقابلے میں، جہاں ابھی مزید 6 راؤنڈز ہونے ہیں، Erigaisi کے پاس 2 اعشاریہ 5 پوائنٹس ہیں، جبکہVincent Keymer، Karthikeyan Murali کے خلاف ایک اور جیت کے بعد 3 پوائنٹس کے ساتھ پہلے مقام پر ہیں۔

ایک اور بھارتی گرینڈ ماسٹر Vidit Gujrathi نے اپنے ہم وطن کھلاڑی Nihal Sarin کو شکست دی، جبکہ امریکی گرینڈ ماسٹر Awonder Liang نے ہالینڈ کے گرینڈ ماسٹر Jorden Van Foreest کو شکست دے کر اس ٹورنامنٹ میں اپنی پہلی جیت حاصل کی۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......شبانہ بیگم

شکریہ - شگفتہ

آج دلی سے شائع ہونے والے تقریباً سبھی اردو اخبارات نے ایئر چیف مارشل اے پی سنگھ کے بیان کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ اس تعلق سے روزنامہ انقلاب، راشٹریہ سہارا، ہندوستان ایکسپریس، پرتاپ و دیگر اخبارات کی شہ سرخی ہے۔

آپریشن سندور پر بحث کے دوران فضائیہ کے سربراہ کا اہم بیان، ”فضائیہ نے پاکستان کے 6 جنگی طیارے مار گرائے۔ پاکستان میں جیکب آباد اور بھولاری میں بھی ہینگروں کو نشانہ بنایا، چند امریکی ایف 16 طیاروں کو بھی نقصان پہنچا تھا۔

ہندوستان ایکسپریس اور پرتاپ کی اہم سرخی ہے: وزیراعظم نریندر مودی آج کرناٹک کے دورے پر ہوں گے، جہاں وہ 22 ہزار کروڑ روپے کے منصوبوں کا افتتاح کریں گے اور سنگِ بنیاد رکھیں گے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا کی اہم سرخی ہے: ملک کی دفاعی سازوسامان کی پیداوار ایک اعشاریہ پانچ ایک لاکھ کروڑ روپے کی بلند ترین سطح پر، جو پچھلے مالی سال کے مقابلے 18 فیصد غیر معمولی ترقی کو ظاہر کرتی ہے۔

اس کے علاوہ روزنامہ راشٹریہ سہارا و پرتاپ کی اہم سرخی ہے: وزیر اعظم نے اگست کرانتی دِوس پر بھارت چھوڑو تحریک کے مجاہدینِ آزادی کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔

روزنامہ انقلاب کی سرخی ہے: حج 2026 کے لیے درخواستوں کا عمل مکمل، کل قرعہ اندازی کا امکان۔

اخبارات کی دیگر اہم سرخیاں ہیں:

_ الیکشن کمیشن نے انتخابی عمل کو صاف ستھرا بنانے کے لیے 334 غیر تسلیم شدہ سیاسی پارٹیوں کے نام فہرست سے ہٹائے۔

_ بھارتیہ ریلوے کا مسافروں کے لیے راؤنڈ اپ پیکج اسکیم کا اعلان، اس کے تحت واپسی کے سفر پر 20 فیصد چھوٹ ملے گی۔

_ آرمینیا اور آذر بائیجان کے درمیان 37 سال پرانی لڑائی ختم، امن معاہدے کا سہرا امریکی صدر ٹرمپ کو ملا۔

_ امریکی خلا باز جم لوول کا انتقال۔ انھوں نے 1970 میں اپولو 13 مشن کی قیادت کی تھی۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج کرناٹک میں بنگلورو سے تین وندے بھارت ایکسپریس ٹرینوں کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔

2- وزیر اعظم بنگلور میٹرو کی Yellow لائن کا بھی افتتاح کریں گے اور بنگلور میٹرو کے تیسرے مرحلے کا سنگِ بنیاد رکھیں گے۔

3- چناؤ کمیشن نے ضروری شرائط کو پورا کرنے میں ناکامی کے بعد 334 رجسٹرڈ غیر تسلیم شدہ سیاسی پارٹیوں کو خارج کر دیا ہے۔

4-   بھارت نے 15 اگست کو **Alaska** میں امریکہ اور روس کے درمیان منعقد ہونے والی مجوزہ سربراہ کانفرنس کا  خیر مقدم کیا ہے۔ اُس نے کہا ہے کہ اس سے یوکرین میں قیامِ امن کی راہ ہموار ہوگی۔

5-   بنگلہ دیش کے انتخابی کمیشن کے سربراہ نے کہا ہے کہ بنگلہ دیش میں فروری 2026 میں عام انتخابات کرائے جائیں گے۔

6-   اور جرمنی کے گرینڈ ماسٹر **Vincent Keymer** چنئی شطرنج ٹورنامنٹ کے تیسرے راؤنڈ کے بعد پہلے مقام پر ہیں۔ بھارت کے ارجن **Erigaisi** دوسرے مقام پر ہیں۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-----------------------------------------